

کئی سالوں کی سخت محنت اور ذمہ داریوں کا بوجھ اٹھانے کے بعد، آپ کا حق ہے کہ آپ زندگی کے سنہری عرصوں کو ان مشاغل میں گزارے جن کے لئے آپکو وقت نہیں مل سکا، ضائع ہو جانے والی تعطیلات کا مداوا، خاندان کے ساتھ پرانی یادوں پر تبادلہ خیال یا آزادانہ طور پر رہنا۔

ای ایف یو بہتر کل ریٹائرمنٹ اینڈ سیونگز پلان ایک جامع بچت منصوبہ ہے جو آپ کی مستقبل کی مالی ضروریات پوری کرتا ہے۔ یہ بیمہ انویسٹمنٹ لنکڈ پروڈکٹ ہے جو آپ کو بچت اور تحفظ فراہم کرتا ہے جو ایک روشن کل کیلئے آپ کی مالی بنیاد کو مزید مضبوط کرتا ہے۔ یہ یونٹ سے منسلک تا حیات منصوبہ ہے جس کا مقصد اور مرکوز پالیسی کی مدت کے دوران بیمہ حیات کے تحفظ کے اضافی فوائد کے ساتھ، آپ کے سرمائے کی حقیقی نشو و نما کرنا ہے۔

## پروڈکٹ کا اظہار:

**اس زندگی کے بیمہ کی دو نمایاں خصوصیات یہ ہیں: انشورنس کا تحفظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری منسلک ہے یونٹ لنکڈ فنڈ (فنڈز) میں موجود اثاثہ جات کی کارکردگی سے**

## غور و فکر کا دورانیہ (فری لک پریڈ):

**اگر آپ لکھی ہوئی پالیسی دستاویزات کی وصولی کے 14 دن کے اندر اپنی رکنیت منسوخ کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو آپ ای ایف یو لائف کے طبی/کلینیکل معائنہ جات کے سلسلے میں اٹھنے والے اخراجات منہاء کر کے، پریمیم کی مکمل ادائیگی کی واپسی کے اہل ہونگے۔**

## نشو و نما کے لئے مواقع:

اس پلان میں ادا کیا جانے والا ہر پریمیئم ای ایف یو لائف کے منتخب کردہ کسی ایک یا دو سرمایہ کاری فنڈ میں لگایا جائے گا- یہ مکمل طور پر آپ کا فیصلہ ہوگا کہ اپنے سرمایہ کاری کے مقاصد کی بنیاد پر فنڈ کا انتخاب کرے۔

آپ درج ذیل یونٹ فنڈز میں سے انتخاب کر سکتے ہیں:

تمام فنڈز کی رسک پروفائیلنگ ان میں کی جانے والی سرمایا کاری کے تحت کی گی ہے

**ای ایف یو مینیجڈ گروتھ فنڈ:**

فنڈ کی قسم: بیلنسڈ

رسک پروفائل: درمیانی

ایک متوازن سرمایہ کاری کی حکمت عملی پر مشتمل سرمایہ کاری فنڈ۔ اسکا مقصد، سرمایہ کاری سیکیورٹیز، محتاط طور پر منتخب کی گئی بلو چپ ایکویٹیز اور دیگر مقررہ آمدنی کے ذرائع اور نقد سرمایہ کاری کے ذریعے، سرمایہ کاری کی مناسب نشو و نما اور مستحکم منافع جات حاصل کرنا ہے۔

**ای ایف یو گارنٹیڈ گروتھ فنڈ*:**

فنڈ کی قسم: منی مارکٹ فنڈ

رسک پروفائل: کم

مستحکم منافع جات فراہم کرنے والا سرمایہ کاری فنڈ اس ضمانت کے ساتھ کہ فنڈ کی بولی قیمت (بِڈ پرائس) نیچے نہیں آئے گی۔ اسکا مقصد قلیل المدت ڈیٹ سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کے ذریعے مستحکم نشو و نما حاصل کرنا ہے۔

**ای ایف یو ایگریسو فنڈ:**

فنڈ کی قسم: ایگریسو

رسک پروفائل: زیادہ

ایک سرمایہ کاری فنڈ جس کا مقصد ایکوٹیز میں سرمایہ کاری کر کے تیزی سے آمدنی حاصل کرنا ہے۔ اس کا مقصد سرمایہ کاری کے ساتھ مارکیٹ کو مدنظر رکھتے ہوئے سرمائے کی نشو و نما کو بڑھانا ہے۔

**ای ایف یو انکم گروتھ فنڈ**

فنڈ کی قسم: انکم فنڈ- رسک پروفائل: کم

ایک سرمایا کاری فنڈ جس کا مقصد سیکیورٹیز میں سرمایا کاری کر کے مستحکم میں بڑھوری حاصل کرنا ہے۔ اس کا ہدف حکومتی مالیاتی اداروں اور قرضہ دینے والی اعلی معیاری مالیاتی اداروں میں سرمایہ کاری کے ذریعے سرمائے کی مستحکم نشو نما ہے۔

**متعدد فنڈز کی سہولت (ملٹیپل فنڈز آپشن):** اس سہولت کے تحت، آپ پلان کے یونٹ سے منسلک دو فنڈز کے مرکب کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ فنڈ کو 10 فیصد کے ملٹی پل کے تحت منتخب کیا جا سکتا ہے۔ اسکا مطلب ہے کہ فنڈز کو 10 / 90، 20 / 80، 30 / 70، 40 / 60 یا 50 / 50 میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

***ای ایف یو گارنٹیڈ گروتھ فنڈ خودکار طور پر منتخب کیا جائے گا**

## فوائد بصورت فوتگی (ڈیتھ بینیفٹ):

جیسے ہی آپ ای ایف یو بہتر کل ریٹائرمنٹ اینڈ سیونگز پلان کے ساتھ سیونگز کی شروعات کرتے ہیں، گارنٹیڈ انشورنس تحفظ کا بھی لطف اٹھاتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ وفات کی صورت میں، نامزد کردہ/ پسماندگان کو ملے گا:

☆ تاریخ وفات پر پلان کی نقد مالیت (کیش ویلیو) یا بیمہ کردہ رقم (ان میں جو بھی زیادہ ہو)

اور

☆ اضافی اختیاری پریمیم کی ادائیگیوں کی نقد مالیت (کیش ویلیو)

## ایکسٹینڈڈ ٹرم اشورنس:

کئی لچکدار فیچروں میں سے ایک جو پالیسی ہولڈر کو پہلے سے طے شدہ توسیع کردہ ٹرم ایشورنس کی مدت کے لئے پریمیئم ادا کرنے کا اور پالیسی کی بقایا مدت کے لئے پریمیئمز ادا کرنے کا موقع دیتا ہے۔ یہ خاص طور سے اس وقت کارآمد ہے جب پالیسی ہولڈر پریمیئمز کا سلسلہ جاری رکھنے کے قابل نہ ہو لیکن تحفظ چاہتا ہو۔ توسیع کردہ ٹرم ایشورنس کا اختیار، کسی بھی تجدیدی تاریخ سے قبل 30 دن کا نوٹس دیکر، 10 مکمل سالوں کے باقاعدہ پریمیئم کی ادائیگی کے بعد حاصل کیا جا سکتا ہے۔ ایک بار توسیع کردہ ٹرم ایشورنس کا انتخاب کر لیا جائے تو رائڈرز (اگر کوئی ہوں) ختم ہو جائیں گے۔

## زرِ بیمہ:

یہ رقم بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) کی ناگہانی وفات کے وقت ادا کی جاتی ہے۔ بیمہ تحفظ یا زرِ بیمہ پلان خریدتے وقت عمر کے مطابق دیئے گئے اختیارات کی رینج میں سے منتخب کر سکتا ہے۔ یہ پالیسی ہولڈر کے منتخب کردہ پروٹیکشن ملٹی پل سے بنیادی پلان کے پریمیم کو ضرب دے کر حاصل کیا جاتا ہے۔ جو کہ ذیل میں درج ہے:

| عمر (سال) | پروٹیکشن ملٹی پل |
|---|---|
| 18 سے 35 سال | 5 سے 75 |
| 36 سے 40 سال | 5 سے 50 |
| 41 سے 49 سال | 5 سے 35 |
| 50 سے 60 سال | 5 سے (70-عمر) |
| 61 سے 65 سال | 5 |

## ضمنی فوائد:

**ایکسیڈنٹل ڈیتھ بینیفٹ:*** حادثاتی وفات کی صورت میں، یہ ضمنی فائدہ رائڈر اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

**ایکسیڈنٹل ڈیتھ اینڈ ڈس ایبلیٹی بینیفٹ پلس:*** حادثاتی وفات یا معذوری کی صورت میں (جزوی یا مستقل) جو آپ کو مستقل طور پر معذور کر دے۔ آپ کے اہل خانہ کو اس مشکل سے نمٹنے کیلئے یہ رائڈر ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

**ایڈیشنل ٹرم اشورنس:** اس ضمنی فائدے کے تحت بیمہ دار کی وفات کی صورت میں اضافی بیمہ رقم فراہم کی جائے گی

**ریٹرن اف پریمیئم بینیفٹ:**

پریمیئم کی واپسی کا رائڈر ایک منفرد فائدہ ہے جو ای ایف یو لائف کے متوقع صارفین کو پیش کیا جا رہا ہے۔ یہ رائڈر آپ کو ایک اضافی فائدہ فراہم کر کے آپ کے تحفظ کو بڑھاتا ہے۔ بیمہ دار کی ناگہانی وفات کی صورت میں، بینیفشری کو نہ صرف وفات فائدہ حاصل ہوگا بلکہ پریمیئم کی واپسی کے رائڈر کے لئے ادا کئے گئے پریمیئم کو نکال کر ادا شدہ پریمیئم کی کُل رقم حاصل کر سکے گا۔

**ویور آف پریمیئم:** اگر بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) کسی بیماری یا حادثےکے باعث کوئی پیشہ اختیار کرنے سے قاصر ہو تو پریمیئم کی رقم ای ایف یو لائف ادا کرے گی۔

**لائف کیئر اینہانسڈ بینیفٹ:** یہ ضمنی فائدہ رائڈر، 20 تحفظ شدہ سنگین بیماریوں میں سے کسی کے بھی ہو جانے پر یا تشخیص پر، 50,000 روپے کی حد سے شروع ہو کر زیادہ سے زیادہ 1.5 ملین روپے سے مشروط اصل پلان کے زرِ بیمہ کے مساوی ایک لچکدار فائدہ فراہم کرتا ہے۔

**فیملی انکم بینیفٹ:** یہ اس امر کو یقینی بناتا ہے کہ پلان کی مدت کے دوران بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) کی ناگہانی وفات کی صورت میں ماہانہ آمدنی اسکے خاندان کو قابلِ ادا ہوگی۔-

*** کسی ایک ایکسیڈینٹل بینیفٹ کا انتخاب کیا جا سکتا ہے**

## یونٹ کی ایلوکیشن:

سرمایہ کاری کیلئے یونٹس میں پریمیئم کا تناسب پالیسی سال کے اعتبار سے مختلف ہوتا ہے اور ذیل میں درج ہے:

| پالیسی سال | یونٹ ایلوکیشن | ایلوکیشن کی چارجز* |
|---|---|---|
| 1 | 60فیصد | 40فیصد |
| 2 | 80فیصد | 20 فیصد |
| 3 | 90فیصد | 10فیصد |
| 4 سے 5 | 100فیصد | 0 فیصد |
| 6 سے 10 | 103فیصد | 0 فیصد |
| 11اوراس سے آگے | 105فیصد | 0 فیصد |

*اوپر درج ٹیبل کے مطابق ہر سال ادا کئے گئے پریمیئم میں سے تخصیص کی فیس منہاء کی جائے گی اور بقایا رقم اکاؤنٹ ویلیو کومختص کی جائے گی

## اضافی اختیاری پریمیم (فنڈ ایکسلریشن پریمئم):

اگرآپ کے پاس پلان کی مدت کے دوران کسی بھی وقت اضافی نقدرقم موجود ہوتو اپنی نقد مالیت (کیش ویلیو)کو بڑھانے کے لئے آپ اس کو پلان میں سرمایہ کاری کے لئے استعمال کرسکتے ہیں۔ ان اضافی ادائیگیوں کواضافی اختیاری پریمیم کہتےہیں۔آپ یہ ادائیگیاں پالیسی کے نافذ العمل ہوتے ہوئے کسی بھی وقت کر سکتے ہیں۔کم ازکم اضافی اختیاری پریمیم 20,000 روپے فی ادائیگی ہے۔

اضافی اختیاری پریمیم میں ادائیگیوں کا 100 فیصد منتخب شدہ فنڈ میں یونٹس کی خریداری کے لئے مختص کیا جاتا ہے۔

## مکمل اور جزوی دستبرداری:

دوسرے سال کا پریمئم ادا کرنے کے اور پالیسی کے دہ سال (24 مہینے) پورے ہونے کے بعد آپ اپنے پلان سے دستبردار ہوسکتے ہیں۔ دستبرداری کے وقت،آپ کوآپ کے فنڈ کی کل نقدقدر ادا کی جائے گی۔ البتہ،شروع کے پالیسی سالوں میں دستبرداری کم ترکیش ویلیو کا نتیجہ ثابت ہوسکتی ہے۔ جزوی دستبرداری کی سہولت بھی موجود ہے بشرطیکہ فنڈ میں 20,000 کی نقد مالیت موجود رہے۔اگر بیمہ دار پلان سے مکمل دستبرداری حاصل کرتا ہے تو تمام یونٹس کے مساوی نقد ادائیگی کر کے پلان کو منسوخ کردیا جائے گا۔

## افراطِ زر (انڈیکسیشن):

یہ انتخاب آپ کوذہنی سکون اور تحفظ مہیا کرتا ہے کہ پلان میں دئے گئے فوائد سالانہ افراطِ زر کے مطابق خود بڑھ جائیں گے۔ اس اختیار کے تحت آپ کا پریمئم پچھلے سال کے پریمیئم سے 5 فیصد بڑھیگا۔اسی طرح، زرِبیمہ اوراضافی فوائد بھی اسی تناسب سے بڑھ جائیں گے۔ البتہ آپ زرِبیمہ کومستحکم رکھتے ہوئے صرف پریمئم کو بھی بڑھاسکتے ہیں۔افراطِ زر کے تحت زرِبیمہ میں اضافہ صرف 55 سال تک کی عمر تک ہوسکتا ہے۔بشرطیکہ پالیسی کی ابتدا میں معیاری شرائط منظور کی گئی ہوں۔

## عمومی طور پوچھے جانے والے سوالات:

### کون درخواست کرسکتا ہے اور پلان کی حدود کیا ہیں؟

قابل اطلاق عمراور مدت کیا ہے۔

تمام افراد جن کی عمر 18 سے 65 کے درمیان ہو(اگلی سالگرہ پر)اس پلان کے اہل ہیں۔کیونکہ یہ تاحیات پلان ہے اس لئے اس میں کوئی مقررہ میچورٹی کی مدت نہیں ہے۔

### کم ازکم پریمئم کی ضروریات کیا ہیں؟

لئے کم ازکم سالانہ بنیادی پلان کا پریمئم 20,000 روپے سالانہ ہے۔

### اخراجات (چارجز) کیا ہیں؟

| چارجز | ریٹ/ پاکستان روپے میں |
|---|---|
| انتظامی اخراجات (ایڈمنسٹریشن چارج) | 100روپے ماہانہ |
| بِڈ/آفر (بولی/پیشکش) سپریڈ | مختص شدہ بنیادی اور اضافی فنڈ پریمیئم کا 5 فیصد |
| سرمایہ کاری انتظامات اخراجات (انویسمنٹ مینجمنٹ چارج) | فنڈ قدر کا 0.125 فیصد ماہانہ |
| مورٹیلیٹی چارج (بیمہ کی مالیت) | ہر سال عمر پر مشتمل بیمہ حیات کے خطرے کے امکان کو مدنظر رکھتے ہوئے،مورٹیلٹی چارج لاگو ہوتا ہے جو سم ایٹ رسک کے تحت حاصل کیا جاتا ہے۔البتہ جب کیش ویلیو سم کورسے بڑھ جائے تو مورٹیلیٹی کی مد میں کوئی رقم منہا نہیں کی جائے گی |
| فنڈ تبدیل کرنے کی فیس | 500روپے |
| دستبرداری عمل درآمد فیس | 500روپے |
| دستبرداری اخراجات | 100 فیصد دو مکمل سالوں کے پریمیم کی ادائیگی سے قبل |
| تخصیص کی فیس | اوپر دی گئی یونٹ کی تخصیص کی ٹیبل |

## دعوٰی (کلیم):

کسی بھی ناگہانی کی صورت میں، آپ اپنے دعوے کلیم کی اطلاع حبیب میٹروپولیٹن بینک کی کسی بھی شاخ میں جاکر،ای ایف یو ہیڈآفس آکر یا ملک میں ای ایف یو کی کسی بھی شاخ میں جاکر دے سکتے ہیں۔ فوری عمل درآمد کے لئے آپ ہمارے کال سینٹر 111-338-111-021 پر رابطہ کرسکتے ہیں یا ہماری ویب سائٹ پر موجود اطلاع فارم بھریئے اور ہمیں cod@efulife.com پر ای میل کردیجئے۔ بعدازاں،اگلے مراحل سے آگاہ کرنے کے لئے آپ سے رابطہ کیا جائے گا۔

## انتباہ

- یہ پروڈکٹ ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹیڈ کی طرف سے بیمہ کی گئی ہے۔حبیب میٹروپولیٹن بینک یا اس سے وابستہ کسی بھی ادارے نے نہ ہی اس کی ضمانت دی ہے ہر نہ ہی بیمہ کی ہے اور یہ حبیب میٹروپولیٹن بینک کی پروڈکٹ نہیں ہے۔
- حبیب میٹروپولیٹن بینک اپنے معزز صارفین کے لئے اس پروڈکٹ کے لئے صرف ایک کارپوریٹ انشورنس ایجنٹ/تقسیم کار کی حیثیت کام کررہا ہے اور کسی بھی طرح کسی بھی فرد کو،بشمول لیکن انہیں تک محدود نہیں بیمہ دار صارف (صارفین)، بینیفشری (بینیفشریز) یا کسی تیسرے فریق کو ذمہ دار نہیں ہوگا۔
- آپ کے پریمیئمز کی قدر میں نشوونما کا انحصار منتخب شدہ فنڈز کی کارکردگی پر ہوگا جس میں کہ پریمیئمز کی سرمایہ کاری کی جاتی ہے
- منتخب شدہ فنڈز میں کی جانے والی تمام سرمایہ کاریاں مارکیٹ کے خطرات سے مشروط ہیں۔منتخب شدہ فنڈ میں سرمایہ کاری کا خطرہ پالیسی ہولڈر برداشت کرے گا
- ضروری نہیں کہ فنڈ کی ماضی کی کارکردگی مستقبل کی کارکردگی کے لئے رہنمائی کا باعث ہو۔کسی قسم کی پیشگی اندازہ ضروری نہیں کہ مستقبل کی ترجمانی کرے یا فنڈز کی ممکنہ کارکردگی کو بیان کرے اور نہ ہی ای ایف یو لائف اور نہ ہی حبیب میٹروپولیٹن بینک کسی بھی طرح ذمہ دار ہوگے۔
- ہمارا سیلز کا نمائندہ آپ کوفوائد کی شخصی مثال پیش کرے گا۔ برائے مہربانی دیگر شرائط وضوابط کوتفصیلاً سمجھنے کیلئے مثال میں بیان کی گئی باتوں کو بغور پڑھیں
- سروس اخراجات اور دیگر ٹیکسیز بینک کے شیڈول آف چارجز اور متعلقہ حکم سے مشروط ٹیکس قوانین کے مطابق ہونگے
- یہ معاہدہ کس طرح کام کرتا ہے اسے پالیسی کے قواعد وشرائط میں بیان کیا گیا ہے۔ یہ پروڈکٹ کی خصوصیت اور فوائد کا صرف ایک عمومی جائزہ پیش کرتا ہے اور اس میں دئے گئے اعداد وشمار ظاہری ہیں اور بطور مثال پیش کئے گئے ہیں۔
- اگر آپ کو اپنی پالیسی سے متعلق کوئی شکایت ہو تو آپ کسی بھی حبیب میٹروبینک کی برانچ میں جاسکتے ہیں یا آپ ای ایف یو لائف ایشورنس 111-EFU-111(021) (111-338-111) پر رابطہ کرسکتے ہیں۔


**ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ**

ای ایف یو لائف ہاؤس، پلاٹ نمبر 112، 8ویں ایسٹ اسٹریٹ،
فیز 1، ڈیفنس ہاؤسنگ سوسائٹی، کراچی، پاکستان
فون: 111-EFU-111(021) (111-338-111)،
فیکس: (021)34535079

**حبیب میٹروبینک**

اسپینسر بلڈنگ، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی، پاکستان
یواے این: 111-1-HABIB (42242)
ویب سائٹ: www.habibmetro.com


